© rasailojaraid.com



اکرام اللہ ساجد کیلانی

# تعارف و تبصرۂ کتب

نام کتاب . . . کلام شاہ اسماعیل شہیدؒ
ترتیب . . . محمد خالد سیف
ضخامت . . . تقریباً اسی صفحات
ناشر . . . طارق اکیڈیمی، جھنگ بازار لائلپور

بہت کم لوگوں کو علم ہے کہ شاہ اسماعیل شہید رحمۃ نے جہاں مسلمانوں کی اصلاح کے لئے درس و تدریس، وعظ و ارشاد، تصنیف و تالیف اور جہاد کے میدانوں میں کارہائے نمایاں سرانجام دیئے، وہاں ملت کی اصلاح کے لیے شعر و سخن کی زبان کو بھی اظہار خیال کا ذریعہ بنایا۔—— افسوس کہ آج تک کسی نے آپ کے کلام کو مرتب کر کے شائع کرنے کی کوشش نہ کی —— طارق اکیڈیمی اپنی خوش قسمتی پر جس قدر ناز کرے بجا ہے کہ اس نے شاہ شہید کے گلہائے رنگا رنگ کو نہایت حسین گلدستہ کی صورت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ مقدمہ محترم ڈاکٹر سید عبداللہ نے لکھا ہے بہترین کتابت و طباعت، سفید کاغذ قیمت صرف چار روپے پچیس پیسے۔

---

نام کتاب . . . انجیل برنابا ایک مطالعہ
ترجمہ و تالیف . . . جناب بشیر محمود ایم۔ اے

© rasailojaraid.com